إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اگر قرض دو تم اللہ کو قرض اچھی طرح پر تو وہ اسے بڑھاتا چلا جائے گا تمہارے لیے اور بخش دے گا تمہارے (گناہ)۔

التَّغَابُن

بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

پاکی بولتا (تسبیح کر رہا) ہے اللہ کی جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اسی کا راج ہے اور اسی کو تعریف ہے۔

وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (١)

اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ

وہی ہے جس نے تم کو بنایا، پھر کوئی تم میں منکر ہے اور کوئی تم میں ایماندار۔

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (٢)

اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے۔

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ

بنائے آسمان اور زمین تدبیر سے، اور صورت کھینچی تمہاری، پھر اچھی بنائی تمہاری صورت،

وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (٣)

اور اسی طرف پھر (لوٹ) جانا ہے۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ

جانتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو اور جو کھولتے ہو۔

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (٤)

اور اللہ کو معلوم ہے جیوں (دلوں) کی بات۔

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ

کیا پہنچا نہیں تم کو احوال ان لوگوں کا، جو منکر ہو چکے ہیں پہلے۔ پھر چکھی سزا اپنے کام کی،

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٥)

اور ان کو دکھ کی مار (عذاب) ہے۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا

یہ اس پر کہ لاتے تھے ان پاس انکے رسول نشانیاں، پھر کہتے، کیا آدمی ہم کو راہ سوجھائیں (دکھائیں) گے؟

فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ

پھر منکر ہوئے اور منہ موڑا اور اللہ نے بے پروائی کی۔

وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ (٦)

اور اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا۔

زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا

دعویٰ کرتے ہیں منکر کہ ہرگز ان کو اُٹھانا نہیں۔

قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ

تو کہو، کیوں نہیں! قسم ہے میرے رب کی! تم کو بیشک اٹھانا ہے، پھر تم کو جتانا ہے جو تم نے کیا،

وَذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ (٧)

اور یہ اللہ پر آسان ہے۔

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنزَلْنَا

سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول پر اور اس نور پر جو ہم نے اُتارا۔

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (٨)

اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے۔

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ

جس دن تم کو اکٹھا کریگا جمع ہونے کے دن، وہ دن ہے ہار جیت کا۔

وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ

اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر اور کرے کام بھلا، اُتارے اس سے اسکی برائیاں،

وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا

اور داخل کرے اسکو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ندیاں، رہا کریں اس میں ہمیشہ۔

ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (٩)

یہی ہے بڑی مراد ملنی۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِينَ فِيهَا
اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری آیتیں، وہ ہیں دوزخ والے، رہا کریں اس میں۔

وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (١٠)
اور بری جگہ پہنچے۔

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ
نہیں پڑتی کوئی تکلیف بن حکم اللہ کے، اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر، راہ بتادے اس کے دل کو۔

وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (١١)
اور اللہ کو ہر چیز معلوم ہے۔

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
اور حکم مانو اللہ کا، اور حکم مانو رسول کا۔

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (١٢)
پھر اگر تم منہ موڑو تو ہمارے رسول کا کام یہی ہے پہنچا دینا کھول کر۔

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ
اللہ! اس بن کسی کی بندگی نہیں۔

وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (١٣)
اور اللہ پر چاہیئے بھروسا کریں ایمان والے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ
اے ایمان والو! بعضی تمہاری جوروئیں (بیویاں) اور اولاد دشمن ہیں تمہارے، سو ان سے بچتے رہو۔

وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (١٤)
اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشو تو اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (١٥)
تمہارے مال اور اولاد یہی ہیں جانچنے کو۔ اور اللہ جو ہے اس کے پاس ہے نیگ (اجر) بڑا۔

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ
سو ڈرو اللہ سے جہاں تک (ڈر) سکو۔ اور سنو اور مانو، اور خرچ کرو اپنے بھلے کو۔

وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (١٦)

اور جس کو بچا دیا اپنے جی کے لالچ سے، سو وہ لوگ وہی مراد کو پہنچے ۔

إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اگر قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا، وہ دونا کر دیگا تم کو، اور تم کو بخشے ۔

وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ (١٧)

اور اللہ قدر دان ہے تحمل والا ۔

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (١٨)

جاننے والا چھپے اور کھلے کا، زبردست حکمت والا ۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com